تعزیتی اجلاس

دینہ (نمائندہ ایکسپریس) پرائمری ہیلتھ سنٹر دینہ آئی بلاک میں انجمن بہبود مریضاں ڈنمارک ودینہ کا تعزیتی اجلاس زیرصدارت حاجی محمد اقبال منعقد ہوا۔ جس میں انجمن بہبود مریضاں دینہ کے صدر تحصیل نائب ناظم دینہ سابق چیئر مین بلدیہ دینہ چوہدری محمد اشرف کی اچانک دل کا دورہ پڑنے سے موت واقع ہونے پر گہرے دکھ ودرد کا اظہار کیا گیا۔ ان کی خدمات کوز بردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اجلاس سے حاجی محمد اقبال، ڈاکٹر محمد فرقان، افتخار احمد بڑ، چوہدری محمد انور ملک محمد شریف اور دیگر شرکاء نے بھی مرحوم کی خدمات پر روشنی ڈالی۔